الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ۔ پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **WAQAS**
Address :> **HYDERABAD**
Subject :> **IMKAN E KIZB**
Writer :> شمس الرحمٰن

Serial No :> **6216**
Fatwa No :> 41577
Date :> **3/23/2009**
Email :>

MERA SAWAL YEH HAI KAY ALLAH NI QURAN MAIN FARMAYA KAY ALLAH SHIRK KAY ILAWA SARAY GUNAH MAAF KAR DAY GA AUR DOOSRI JAGHA HAI KAY KOI KISI MOMIN KO KATAL KARAY GA USKA THIKANA JEHANUM HAI (KYA IS SAY IMKAN E KIZB SABIT NAHIN HOTA) AUR AIK MERAY DOST NAY KAHA KAY JHOOT HI KYA ALLAH TO HAR CHEEZ PAR QADIR YANI CHORI PAR BHI QADIR HAI, BARAI MEHARBANI MERI ULJHAN DOOR KARAIN (JAWAB MERAY E-MAIL PAR JALD AZ JALD SEND KARAIN BEHUT ZAROORI HAI)

میرا سوال یہ ہے کہ اللہ نے قرآن میں فرمایا ہے کہ اللہ شرک کے علاوہ سارے گناہ معاف کر دے گا۔ اور دوسری جگہ ہے کہ کوئی کسی مؤمن کو قتل کرے گا، اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔
کیا اس سے امکانِ کذب ثابت نہیں ہوتا؟
اور ایک میرے دوست نے کہا کہ جھوٹ ہے۔ کیا اللہ تو ھر چیز پر قادر، یعنی چوری پر بھی قادر ہے۔ برائے مہربانی، میری الجھن دور کریں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

اللہ تعالیٰ اپنی عمومِ قدرت کی وجہ سے ہر چیز پر قادر ہے۔
لیکن اسی کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے بعض کاموں کے نہ کرنے کا وعدہ بھی فرمایا ہے، لہذا حسبِ وعدہ کسی کام کے نہ کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اللہ تعالیٰ اس چیز پر قادر نہیں۔
مثلاً اللہ تعالیٰ مشرک کی مغفرت پر قادر ہے لیکن ساتھ ساتھ یہ وعدہ بھی فرمایا ہے کہ بلا توبہ مشرک کی بخشش نہیں فرمائیں گے، لھذا عدمِ مغفرت سے عدمِ قدرت لازم نہیں آتی۔
اسی طرح یہ بھی سمجھ لیجئے کہ "اللہ" اعلیٰ وبرتر ذات ہے اور تمام عیوب اور نقائص سے منزّہ اور پاک ہے، لہذا کوئی ایسا امر جو عیب یا نقص پر مشتمل ہو، اللہ تعالیٰ سے صادر نہیں ہو سکتا، لیکن اس وجہ سے نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے یہ خارج ہے، بلکہ اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ تمام عیوب اور نقائص سے پاک اور منزّہ ہے۔

(جاری ہے)

مختصر الفاظ میں یوں سمجھ لیجئے کہ اللہ تعالیٰ سے کذب یا چوری وغیرہ نقائص کا صدور ممکن ہے لذاتہ جبکہ ممتنع ہے لغیرہ ـ

لما فی شرح العقائد النسفیة : ولایخرج عن علمه وقدرته شئ لان الجهل بالبعض والعجز عن البعض نقص وافتقار الی مخصص مع ان النصوص القطعیة ناطقة بعموم العلم وشمول القدرة فهو بکل شئ علیم وعلی کل شئ قدیر الخ (ص ٣٦)

واللہ سبحانہ هو الموفق

شمس الرحمٰن عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
٨ جمادی الثانیة سنة ١٣٣٠ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
١٢ جمادی الآخرہ ١٤٣٠ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
١٢ جمادی الآخرہ ١٤٣٠ھ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء
١٥٧٧
٦٦٠٩